121270 ـ تراویح کی رکعات کے درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر با آوازِ بلند درود پڑھنے کا حکم

سوال

سوال: تراویح کی رکعات کے درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر با آوازِ بلند درود ، اور خلفائے راشدین کیلئے رضائے الہی کی دعا کرنے کا کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"ہمارے علم کے مطابق شریعت مطہرہ میں ایسی کوئی بات نہیں ہے، بلکہ یہ ایک نئی ایجاد کردہ بدعت ہے، اس لئے اس سے اجتناب ضروری ہے، اور اس امت کی اصلاح اسی انداز سے ممکن ہے جیسے اس امت کے ابتدائی دور میں ہوئی تھی، اور وہ ہے اتباعِ کتاب و سنت ، سلف صالحین کے منہج کی پیروی، اور اس کے علاوہ جو کچھ بھی ہے اس سے دور رہا جائے" انتہی

مجموع فتاوی شیخ ابن باز" (11/369)

اسی طرح آپ سوال نمبر (50718)کا جواب بھی ملاحظہ کریں۔

واللہ اعلم .